© rasailojaraid.com

# اداریہ :- رمضان المبارک میں حرمین شریفین میں شاندار انتظامات!

اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک کو دوسرے مہینوں پر فضیلت دی ہے اور اس پورے ماہ کے روزے مسلمانوں پر فرض قرار دیے ہیں۔ یہ رحمتوں اور برکتوں کا مہینہ ہے اور اس میں ہر قسم کی عبادت دوسرے مہینوں کی نسبت زیادہ درجہ رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اس ماہ مبارک میں کثرت سے عبادت کرتے ہیں۔ اکثر لوگ زکوٰۃ بھی اس ماہ میں ادا کرتے ہیں۔ صدقہ خیرات بھی زیادہ کرتے ہیں۔ قرآن حکیم کی تلاوت اور ذکر و اذکار بھی پہلے کی نسبت زیادہ کرتے ہیں۔ اور اب تو عمرہ کی سعادت بھی اسی مبارک مہینے میں حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق اس سال ایک لاکھ پاکستانیوں نے عمرہ کی سعادت حاصل کی۔ یہی حال دیگر اسلامی ملکوں کا ہے۔ لوگ مختلف ذرائع سے یہ سعادت حاصل کرنے حاضر ہوتے ہیں۔ خاص کر عرب ملکوں کے لوگ زیادہ طور پر خشکی کا راستہ اختیار کرتے ہیں اور اپنی گاڑیوں پر سفر کرتے ہیں۔ خاص کر سعودی عرب کے رہنے والے آخری عشرہ مکہ مکرمۃ میں گزارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے حرمین شریفین میں حج کی طرح رش ہو جاتا ہے۔ اور سعودی اخبارات کی رپورٹ کے مطابق ستائیسویں پر بیس لاکھ زائرین مکہ مکرمہ میں موجود تھے۔ اتنے بڑے جم غفیر کو کنٹرول کرنے اور ان کی دیکھ بھال اور روزمرہ کی سہولت بہم پہنچانے کیلئے وسیع انتظامات کی ضرورت ہے۔ امسال سعودی حکومت نے رمضان المبارک میں

© rasailojaraid.com